نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaesearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام زراعت ہاؤس لاہور میں زرعی ویلیو چین میں بہتری کے لئے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

اس تربیتی ورکشاپ کے انعقاد سے زرعی ویلیو چین میں بہتری اور پیداوار میں اضافہ ہوگا۔اسپشل سیکرٹری زراعت (مارکیٹنگ) پنجاب وقار حسین

لاہور 30 مئی 2022: پاکستان ایک زرعی ملک ہے مگر درپیش آپریشنل مشکلات کے باعث ہم ترقی یافتہ ممالک کے مساوی فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار حاصل نہیں کر پا رہے۔ ہمیں اپنے پیداواری اہداف کے حصول کے لئے زرعی ویلیو چین کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا ہوگا۔آج کل سرٹیفکیشن اور فوڈ سیفٹی کے معاملات بہت اہمیت کے حامل ہیں۔اس تربیتی ورکشاپ کا مقصد آپ کی صلاحیت میں اضافہ کرنا ہے تاکہ تمام اسٹیک ہولڈرز زرعی ویلیو چین ڈویلپمنٹ کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی پیداوار میں اضافہ کریں اور بہتر ویلیو ایڈیشن کر کے بھرپور منافع کما سکیں ان خیالات کا اظہار اسپشل سیکرٹری زراعت (مارکیٹنگ) پنجاب وقار حسین نے زراعت ہاؤس لاہور میں پنجاب انسٹیٹیوٹ آف مارکیٹنگ اور اسٹیبلشمنٹ آف ماڈل فارم پراجیکٹ کے باہمی تعاون سے گروورز، ڈسٹری بیوٹرز و دیگر اسٹیک ہولڈرز کی تربیتی ورکشاپ کے انعقاد کے موقع پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اسپشل سیکرٹری زراعت (مارکیٹنگ) پنجاب نے مزید کہا کہ جدید ٹیکنالوجی اور گلوبل گیپ اسٹینڈرڈز پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنی پیداوار اور ویلیو ایڈیشن کو مزید بہتر کر سکتے ہیں جس کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا۔اس تربیتی ورکشاپ کے ثمرات سے جب تک کاشتکار، ڈسٹری بیوٹرز، ایکسپورٹرز اور امپورٹرز تک پہنچانے وقت کا اہم تقاضا ہے۔اسی لئے ایسی تربیتی ورکشاپس کا انعقاد مستقبل میں کیا جانا چاہیے۔محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام اس تربیتی ورکشاپ میں ماہرین نے شرکاء کو گلوبل گیپ، لوکل گیپ اسٹینڈرڈز، گیپ فار ڈسٹری بیوٹرز سمیت زرعی ویلیو چین ڈویلپمنٹ سسٹم کے دیگر موضوعات کے متعلق بریفنگ دی۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پامرا محسن عباس، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر پیام صفدر اقبال، ڈائریکٹر ای اینڈ ایم نئیر جلال اور ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب لاہور نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆